## طالبان کے خلاف جاری آپریشن اور ملک کو درپیش خطرات کے بارے میں وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی کی جانب سے بلائی گئی آل پارٹیز کانفرنس کا زبردست خیر مقدم کرتے ہیں۔ الطاف حسین

## ملک کو جن خطرات اور چیلنجز کا سامنا ہے اسکے پیش نظر آل پارٹیز کانفرنس وقت کی اہم ضرورت ہے

## امید ہے تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں اپنے سیاسی ونظریاتی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک کو خطرات اور مشکلات سے نکالنے اور طالبانائزیشن کے عفریت سے نجات دلانے کیلئے حکومت کے ہاتھ مضبوط کریں گی

لندن۔۔۔17 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مالاکنڈ ڈویژن میں طالبان کے خلاف جاری آپریشن اور ملک کو درپیش خطرات کے بارے میں وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی کی جانب سے بلائی گئی آل پارٹیز کانفرنس کا زبردست خیر مقدم کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کو ان دنوں جس قسم کے خطرات اور چیلنجز کا سامنا ہے اس کے پیش نظر یہ آل پارٹیز کانفرنس وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ملک کی تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں اپنے سیاسی ونظریاتی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ملک کو خطرات اور مشکلات سے نکالنے اور طالبانائزیشن کے عفریت سے نجات دلانے کیلئے حکومت کے ہاتھ مضبوط کریں گی اور آل پارٹیز کانفرنس میں اپنا مثبت کردار ادا کریں گی۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے سوات، بونیر اور دیر کے متاثرہ خاندانوں کیلئے لاکھوں روپے مالیت پر مشتمل امدادی سامان سے بھرا ایک اور ٹرک روانہ کردیا گیا

کراچی۔۔۔17 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سوات، بونیر، دیر اور شانگلہ کے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے گزشتہ روز امدادی سامان سے بھرا ایک اور ٹرک روانہ کیا گیا جس میں آٹا، چاول، دالیں، بستر، کمبل، تکیے اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء شامل ہیں اس میں موجود امدادی سامان لاکھوں روپے مالیت پر مشتمل ہے۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، ڈاکٹر نصرت، سلیم تاجک اور شاکر علی نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے امدادی سامان کا ٹرک اپنی نگرانی میں متاثرین کیلئے روانہ کیا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں صوبہ پختونخواہ کے مختلف علاقہ جات کے متاثرہ خاندانوں کیلئے امدادی سرگرمیوں میں مصروف رضاکاروں اور کارکنان سے ملاقاتیں کیں اور ان سے امدادی سرگرمیوں کی تفصیلات معلوم کیں۔ رابطہ کمیٹی کے اراکین نے رضاکاروں اور کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جاری متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیاں دکھی انسانیت کی خدمت کا سب سے بہترین عمل ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن اپنے متاثرہ بھائیوں، بہنوں، بیٹیوں اور بچوں کی عوام اور مخیّر حضرات کے بھرپور تعاون سے ہر ممکن امداد فراہم کرتا رہیگا۔

## کالعدم جہادی تنظیم کے چار دہشت گردوں کی گرفتاری کراچی میں تیزی سے بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن کا ایک اور کھلا ثبوت ہے۔ رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## بڑی تعداد میں مسلح طالبان کراچی میں آرہے ہیں اور انکے لئے بھاری تعداد میں اسلحہ کراچی لایا جارہا ہے

## کراچی میں تیزی سے بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن کا خاتمہ کیا جائے اور کراچی کو دوسرا سوات بننے سے بچایا جائے

## صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی سے مطالبہ

کراچی۔۔۔17 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ کراچی میں ایک کالعدم جہادی تنظیم کے چار دہشت گردوں کی گرفتاری کراچی میں تیزی سے بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن کا ایک

اور کھلا ثبوت ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اور کافی عرصہ سے قوم کو آگاہ کررہے ہیں کہ کراچی میں طالبانائزیشن ہورہی ہے اور طالبان کے دہشت گرد کراچی میں سرگرم ہورہے ہیں لیکن اس بات کو مخالفین کی جانب سے تنقید کا نشانہ بنایا گیا مگر حالات وواقعات سے قائد تحریک الطاف حسین کے خدشات درست ثابت ہورہے ہیں۔بڑی تعداد میں مسلح طالبان کراچی میں آرہے ہیں اور انکے لئے بھاری تعداد میں اسلحہ کراچی لایا جارہا ہے،گزشتہ ہفتہ بھی کراچی میں اسلحہ اور بارود سے بھری ایک ویگن پکڑی گئی،کئی اہم طالبان دہشت گرد گرفتار ہوئے اور آج بھی پولیس نے ایک کالعدم تنظیم کے چار دہشت گردوں کی گرفتاری کا انکشاف کیا ہے جن کے قبضہ سے اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد برآمد ہوا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی سے طالبان کے دہشت گردوں کی گرفتاری اور شہر میں پکڑے جانے والے اسلحہ سے صاف ظاہر ہے کہ کراچی میں طالبان دہشت گردوں کا نیٹ ورک کام کررہا ہے اور اگر اس نیٹ ورک کو نہ توڑا گیا اور کراچی سے طالبان کا خاتمہ نہ کیا گیا تو خدانخواستہ کراچی مستقبل میں دوسرا سوات بن سکتا ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں تیزی سے بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن کا خاتمہ کیا جائے اور کراچی کو دوسرا سوات بننے سے بچایا جائے۔

## ماڈل کالونی کراچی سے القاعدہ کے چار خطرناک دہشت گردوں کی گرفتاری نے قائد تحریک الطاف حسین کے خدشات کو درست ثابت کردیا ہے،رابطہ کمیٹی

## دہشت گردوں سے ملنے والی معلومات کی روشنی میں کراچی سے طالبانائزیشن کا مکمل خاتمہ کرکے شہریوں کو نجات دلائی جائے

کراچی۔۔۔17 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے ماڈل کالونی سے القاعدہ کے چار خطرناک دہشت گردوں کی گرفتاری پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ دہشتگردوں سے ملنے والی معلومات کی روشنی میں کراچی سے طالبانائزیشن کا مکمل خاتمہ کرکے شہریوں کو طالبانائزیشن سے نجات دلائی جائے،قائد تحریک الطاف حسین بہت پہلے ہی کراچی میں بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن کا اظہار کیا تھا جو آج درست ثابت ہورہے ہیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی سے خطرناک دہشتگردوں کی گرفتاری نے یہاں تیزی سے بڑھتی ہوئی طالبانائزیشن اور اس کیلئے کام کرنیوالوں لینڈ مافیا،ڈرگ مافیا اور جرائم پیشہ افراد کے بارے میں قائد تحریک الطاف حسین کے خدشات کو درست ثابت کردیا ہے اور ان کا طالبانائزیشن کے خلاف مئوقف حب الوطنی اور عوام دوستی پر مبنی ہے اور اس کی بنیاد زمینی حقائق ہیں۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ القاعدہ کے گرفتار دہشت گردوں کے ناپاک عزائم نہ صرف کراچی اور اس کے شہریوں کی جان ومال کیلئے سنگین خطرہ ہے بلکہ ملکی بقاء وسلامتی کیلئے بھی شدید خطرہ ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشت گردوں کے چہروں سے نقاب اٹھانے کیلئے کی گئی قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیو ایم کی کوششوں کو سیاسی پروپگنڈہ کہنے والے تمام عناصر اب یہ جان لیں کہ ایم کیو ایم کا مئوقف کل بھی صحیح تھا اور آج بھی درست ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دہشتگرد اغواء برائے تاوان،ڈکیتیوں میں ملوث تھے اور اہم جگہوں کو ٹارگٹ کرنا چاہتے تھے تاکہ شہر کے امن کو تہس نہیس کرکے ملک کو نقصان پہنچایا جائے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی،وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور سلامتی کیلئے کام کرنیوالی سیکورٹی ایجنسیوں کے اعلیٰ افسران سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے گرفتار القاعدہ کے خطرناک دہشتگردوں سے ملنے والی معلومات کی روشنی میں فی الفور کارروائی عمل میں لائی جائے اور ان دہشت گردوں کی پشت پناہی کرنیوالے لینڈ مافیا،ڈرگ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔

## ایم کیو ایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ A کے کارکن سید عادل عظیم کاظمی کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔17 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم گلستان جوہر سیکٹر یونٹ A کے کارکن سید عادل عظیم کاظمی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## عوام کو اپنی فوج پر پورا بھروسہ اور فخر ہے کہ وہ کسی بھی چیلنج کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ افتخار اکبر رندھاوا

## ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر سوات آپریشن میں بے گناہ متاثرہ خاندانوں کی بحالی اور امداد کیلئے اشیائے ضرورت سے بھرے ٹرک روزآنہ بھیجے جارہے ہیں۔

## اگر سوات سے ہجرت کرنے والوں کا مکمل ریکارڈ جمع نہ کیا گیا اوران پر کڑی نگاہ نہ رکھی گئی تو آپریشن کے مطلوبہ نتائج حاصل نہیں ہوسکیں گے۔

لندن۔۔16 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر سوات، دیر، بونیر، شانگلہ، مالاکنڈ ڈویژن اور سرحد کے دیگر علاقوں سے ہجرت کرنے والے بے گناہ متاثرہ خاندانوں کی بحالی اور امداد کیلئے تمام اشیائے ضرورت سے بھرے ٹرک روزآنہ بھیجے جارہے ہیں۔ انہوں نے مخیّر حضرات اور صاحب حیثیت پاکستانیوں سے اپیل کی کہ وہ بڑھ چڑھ کر انسانی ہمدردی کی بنیاد پر عطیات اور نقدرقوم جمع کرائیں۔ افتخار اکبر رندھاوا نے مزید کہا کہ جس طرح ملک دشمن دہشت گرد طالبان کے خلاف سخت آپریشن ضروری تھا اُسی طرح وہاں سے ہجرت کرنے والوں پر کڑی نگاہ رکھنے کی بھی ضرورت ہے۔ اگر سوات سے ہجرت کرنے والوں کا مکمل ریکارڈ جمع نہ کیا گیا اوران پر کڑی نگاہ نہ رکھی گئی تو یہ صورتحال ملکی سلامتی اور امن عامہ کیلئے مزید خطرناک ثابت ہوسکتی ہے اور اپریشن کے مطلوبہ نتائج بھی برآمد نہیں ہوسکیں گے۔ افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ ہماری فوج دنیا کی بہترین پیشہ وارانہ مہارت رکھنے والی فورس ہے۔ پاکستانی عوام کو اپنی فوج پر پورا بھروسہ اور فخر ہے کہ وہ کسی بھی بڑے سے بڑے چیلنج کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

## سوات، دیر، بونیر کے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ نے ادویات اور اشیائے خورد ونوش سے بھرے مزید 2 ٹرک نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اسلام آباد کے نمائندے کے حوالے کردیئے

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کا نام دکھی انسانیت کی خدمت کے حوالے سے نمایاں ہوگیا ہے، نمائندہ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

اسلام آباد۔۔۔17، مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پرحق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سوات، دیر، بونیر اور ملحقہ علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے متاثرین کی امداد کیلئے ادویات اور اشیائے خوردنوش سے بھرے مزید 2 ٹرک نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اسلام آباد کے نمائندے کے حوالے کئے۔ اس موقع پر نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے نمائندے نے ادویات اور امدادی سامان سے بھرے 2 ٹرک متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے جمع کرانے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کا نام دکھی انسانیت کی خدمت کے حوالے سے نمایاں ہوگیا ہے۔

## کورنگی ٹاؤن کی یوسی 1 کے علاقے مہران ٹاؤن بلال کالونی کے رہائشی ہارون خٹک کا متحدہ قومی موومنٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔17 مئی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کورنگی ٹاؤن کی یوسی 1 کے علاقے مہران ٹاؤن شریف آباد بلال کالونی کے رہائشی ہارون خٹک ولد ریاست خان خٹک نامی شخص سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ہارون خٹک ولد ریاست خان خٹک سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہے اور خود کو متحدہ قومی موومنٹ کا کارکن ظاہر کرتا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام وکارکنان ایسے عناصر سے ہوشیار رہیں اوران پر کری نگاہ رکھیں۔ رابطہ کمیٹی نے ایک مرتبہ پھر واضح کیا کہ ہارون خٹک ولد ریاست خان خٹک کا قطعی طور پر متحدہ قومی موومنٹ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کی بقاء کی جنگ لڑ رہے ہیں، فرخ اعظم
## طالبان دہشت گردوں کی گرفتاریاں کراچی کے مضافاتی علاقوں سے عمل میں آ رہی ہیں
## پولیس کے حکام نے بتایا کہ یہ دہشت گرد کراچی میں دہشت گردانہ سرگرمیوں کی پلاننگ کر رہے تھے اور
## ان کا تعلق مختلف تنظیموں سے ہے جو طالبان کو سپورٹ کرتی ہیں۔ جزیرہ بھٹ کے رابطہ آفس میں کارکنان کے اجتماع سے خطاب

کراچی ۔۔۔17، مئی 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کی بقاء کی جنگ لڑ رہے ہیں جبکہ ایسے نازک موقع پر دیگر سیاسی جماعتوں کے رہنما اقتدار کے حصول کیلئے ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی کوششوں میں لگے ہوئے ہیں اور انہیں اس بات سے کوئی غرض نہیں کہ ملک کو کچھ ہو گیا تو ان کی ہوس اقتدار بھی ختم ہو جائے گی ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے بھٹ جزیرہ کے رابطہ آفس میں کارکنان کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر ایم کیو ایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر، اراکین ممتاز علی اور یار محمد کھوسو بھی موجود تھے ۔فرخ اعظم نے اپنے خطاب میں کہا کہ سندھ اور خصوصاً کراچی میں طالبانائزیشن کے خطرات، ان کی سرگرمیوں اور ان سے درپیش خطرات سے قائد تحریک جناب الطاف حسین مسلسل عوام اور حکومت کو آگاہ کرتے چلے آ رہے ہیں اور اس بات کی گواہی پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا بھی دیں گے لیکن ارباب اختیار جناب الطاف حسین کی باتوں کو سنجیدگی سے نہیں لے رہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں پولیس نے کئی دہشت گرد پکڑے جن کا تعلق طالبان سے ہے اور انہوں نے اعتراف کیا کہ ان کے روابط مولوی فضل اللہ اور بیت اللہ محسود سے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ان طالبان دہشت گردوں کی گرفتاریاں کراچی کے مضافاتی علاقوں سے عمل میں آ رہی ہیں ان کے بارے میں پولیس کے حکام نے بتایا کہ یہ کراچی میں دہشت گردانہ سرگرمیوں کی پلاننگ کر رہے تھے اور ان کا تعلق مختلف تنظیموں سے ہے جو طالبان کو سپورٹ کرتی ہیں لیکن اس کے باوجود حکومت اور انتظامیہ اس عفریت کے خلاف سخت ترین کارروائی کرنے سے اجتناب کر رہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ ملک تاریخ کے نازک ترین موڑ سے گزر رہا ہے اور ایسے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا عملی کردار ملک کی سلامتی اور بقاء کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا ۔

## طالبان کی صورت میں جو آگ سوات، دیر بونیر اور شانگلہ میں لگی ہے اس کی چنگاریاں اب سارے ملک میں پھیل رہی ہیں، شعبہ خواتین

کراچی ۔۔۔17، مئی 2009ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کہا ہے کہ طالبان کی صورت میں جو آگ سوات، دیر بونیر اور شانگلہ میں لگی ہے اس کی چنگاریاں اب سارے ملک میں پھیل رہی ہیں اور طالبان دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے بعد پشاور میں ہونے والے بم دھماکے اس بات کا کھلا ثبوت ہیں ۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ طالبان دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کو سوات، دیر، بونیر اور شانگلہ میں بھی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ اندرون ملک بھی سخت ترین اقدامات کئے جائیں تا کہ خود طالبان دہشت گرد اور جو تنظیمیں طالبان دہشت گردوں کو یہاں سپورٹ کر رہی ہیں انہیں اندرون ملک کارروائی کا کوئی موقع نہ مل سکے ۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین بار بار اس جانب توجہ مبذول کراتے رہے مگر ان کی باتوں پر کوئی توجہ نہیں دی گئی اور صوبہ سرحد کے مختلف علاقہ جات سے یہ زہر سارے ملک میں سرایت کر رہا ہے جس میں بے گناہ افراد بھی مارے جا رہے ہیں اور افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ اس قسم کی دہشت گردانہ کارروائیوں میں خواتین اور بچوں کو خاص طور پر نشانہ بنایا جا رہا ہے ۔شعبہ خواتین نے کہا کہ طالبان دہشت گردوں کے خلاف مسلح افواج کی کارروائی یقیناً قابل تحسین ہے لیکن اندرون ملک بھی مزید بے گناہ افراد کی جانوں کے ضیاع کو روکنے کیلئے دہشت گردی کے مذموم عزائم رکھنے والے عناصر کے سامنے بند باندھنا ضروری ہے اور اس کام میں سول سوسائٹی بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرے ۔

## کیماڑی ٹاؤن اوکھائی کالونی میں ڈرگ مافیا اور لینڈ مافیا کے ہاتھوں زخمی افراد کی حق پرست رکن صوبائی اسمبلی
## شعیب ابراہیم اور ٹاؤن ناظم صدر محمد دلاور نے اسپتال جا کر عیادت کی

کراچی ۔۔۔17 مئی 2009ء ۔۔۔حق پرست رکن سندھ اسمبلی شعیب ابراہیم، ٹاؤن ناظم صدر محمد دلاور اور متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارجز عارف حیدر، یوسف منیر شیخ، رکن محمد علی کامتی نے گذشتہ روز سول اسپتال کا دورہ کیا اور یونین کونسل 1 کیماڑی ٹاؤن اوکھائی کالونی میں ڈرگ مافیا اور لینڈ مافیا کے ہاتھوں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی، خیریت دریافت کی اور انہیں ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا ۔ایم کیو ایم کے حق پرست ارکان اسمبلی اور دیگر ذمہ داران نے دہشت گردوں کے ہاتھوں جاں بحق ہونیوالے محمد عابد ولد بابو رحیم اور نوجوان عاصف ولد آدم کے لواحقین سے بھی تعزیت کا اظہار کیا اور جاں بحق ہونے والے افراد کیلئے دعائے مغفرت اور زخمیوں کے لئے دعائے صحت کی

☆☆☆☆☆